© rasailojaraid.com



بیش قیمت معلومات فراہم کی گئی ھیں ، کتاب بے حد مفید ھے - اور ھر چیز کی پیداوار کو جدولوں کے ذریعہ نمایاں کرکے اسے اور بھی مفید بنا دیا گیا ھے -

ان چاروں کتابوں کی قیمتیں بالترتیب ۵ روپے - ۷ روپے ۵۰ پیسے - ۲ روپے ۵۰ پیسے - ۲ روپے ۵۰ پیسے ھیں -

موتمر عالم اسلامی نے یہ کتابیں شائع کرکے اسلام اور مسلمانوں کی بڑی خدمت کی ھے - ھم اس کے اس کارنامے پر اسے اور اس کے با ھمت و مستعد ارباب کار کو مبارک باد دیتے ھیں -

## خاتون پاکستان ( قرآن مجید نمبر )

مجلہ '' خاتون پاکستان '' اپنے ضخیم نمبروں کی وجہ سے علمی و دینی حلقوں میں کافی شہرت حاصل کرچکا ھے - اس سے پہلے اس کا '' رسول نمبر '' اس موضوع پر بڑا اچھا مجموعہ تھا - زیر نظر نمبر میں قرآن مجید کے مختلف پہلوؤں پر مشہور علماء اور اھل قلم کے مضامین جمع کئے گئے ھیں - اس نمبر کی امتیازی خصوصیت یہ ھے کہ اس میں تقریباً ھر خیال کے اھل علم نظر آتے ھیں اور اسے صرف کسی خاص نقطہ نظر تک محدود نہیں رکھا گیا -

رسالہ کافی ضخیم ھے اس کے بڑے سائز کے ۴۰۰ صفحات ھیں - طباعت کتابت اچھی ھے - قیمت ۵ روپے -

خط و کتابت کا پتہ : خاتون پاکستان - پوسٹ بکس نمبر ۷۱۹۹
صدر - کراچی

قرآن مجید کے جملہ پہلوؤں سے متعلق تمام ضروری معلومات بہم کرنے کے لئے خاتون پاکستان کے اس شمارے کا مطالعہ بڑا مفید ھے ' امید ھے اس کے پہلے نمبروں کی طرح یہ بھی مقبول ھوگا -

محمد سرو

—: ٥ :—

© rasailojaraid.com